کتاب نما

رحمۃ للعالمینؐ (جلداوّل)، مؤلف: قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری، تدوین وتہذیب: مولانا عبدالوکیل علوی، مولانا گل زادہ شیر پاؤ۔ ناشر:ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون:۰۴۲-۳۵۴۳۲۴۷۶۔صفحات: ۵۶۰۔ قیمت (مجلد): ۶۵۰ روپے۔

برطانوی عہدِ غلامی میں بعض عیسائی مشنریوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر ہرزہ سرائی کی تو جان نثارانِ رسولؐ نے قرطاس وقلم کے ساتھ اس کا دفاع کیا، اس سلسلے میں قاضی محمد سلیمان سلمان منصوری پوری کی کتاب رحمۃ للعالمینؐ ایک معروف ومقبول کتاب ہے۔۱۹۱۲ء میں شائع ہونے والی اس کتاب میں سوانح اور واقعات کے ساتھ دوسرے مذاہب کے اعتراضات،صحفِ آسمانی کا موازنہ بالخصوص یہود ونصاریٰ کے دعاوی کا اِبطال،تورات وانجیل اور عیسائی مذہب کے نہایت اہم گوشے خصوصاً مناظرانہ پہلو پیش کیے گئے ہیں۔عیسائی مستشرقین کے اعتراضات کا مسکت جواب بھی دیا گیا ہے۔سیرتِ نبویؐ کے واقعات کے ماہ وسال کا تعیّن کرنے کے ساتھ جامع معلومات کے ساتھ ساتھ غزوات وسرایا اور شہدا کا تفصیلی تذکرہ بھی موجود ہے۔

رحمۃ للعالمینؐ کو کئی اداروں نے شائع کیا ہے مگر ایک مدت گزرنے کے بعد ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ اس عظیم علمی ورثے کو جدید تقاضوں کے پیش نظر،نظرثانی کے بعد شائع کیا جائے تاکہ موجودہ دور میں بھی اس سے بآسانی استفادہ کیا جاسکے۔ادارہ معارف اسلامی لاہور نے اس علمی ضرورت کومحسوس کرتے ہوئے کتاب کودو جِلدوں میں مرتب ومدوّن کیا ہے۔تدوین کا کام ادارے کے علمی معاون جناب گل زادہ شیر پاؤ نے انجام دیا ہے۔ اس کی پہلی جِلد زیورِطباعت سے آراستہ ہوکر سامنے آئی ہے۔اس بات کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے کہ تدوین نو کرتے ہوئے کتاب کے متن میں کوئی تبدیلی نہ ہو۔عبارت میں جہاں تبدیلی کی ضرورت محسوس کی گئی اسے قلابین میں درج